DIET
KANNUR




# STEPS-2022

## എസ്.എസ്.എൽ.സി വിദ്യാർത്ഥികൾക്കുള്ള പഠന സഹായി

ഉറുദു

# ആമുഖം



കോവിഡ് പശ്ചാത്തലത്തിൽ ഓൺലൈനായിരുന്ന നമ്മുടെ പഠനം 2021 നവംബർ 1 ന് സ്കൂൾ തുറന്നതോടെ അധ്യാപകർക്കും, കുട്ടികൾക്കും, രക്ഷിതാക്കൾക്കും വലിയ ആശ്വാസമായി. ഓൺലൈൻ പഠനം നേരിട്ടുള്ള പഠനത്തിന് ബദലല്ലെന്ന് നമുക്കെല്ലാം അറിയാം. കുട്ടികൾക്ക് ഓൺലൈനിനൊപ്പം സഞ്ചരിക്കാനും പ്രതീക്ഷിതശേഷിയും ധാരണയും യഥാവസരം നേടാനും പരിമിതിയുണ്ടാവുക സ്വാഭാവികമാണ്. കുട്ടികൾ പരസ്പരവും, അധ്യാപകരും കുട്ടികളും, കുട്ടികളും സമൂഹവുമൊക്കെ തമ്മിലുള്ള ഇടപെടലുകൾ അർത്ഥപൂർണമായി നടക്കേണ്ടതുണ്ട്. മറ്റുള്ളവരുമായി ചർച്ചചെയ്തും പ്രവർത്തനത്തിലേർപ്പെട്ടും ചുറ്റുപാടുകളുമായി ഇടപെട്ടും ഒക്കെയാണ് പഠനം സാധ്യമാകുന്നത്. പക്ഷെ ചുരുങ്ങിയ കാലത്തെ ക്ലാസ്സ്റൂം പ്രവർത്തനങ്ങളും നീണ്ടകാലത്തെ ഓൺലൈൻ പഠനവും ഇതിനെല്ലാം ആനുപാതികമായ അവസരം പ്രദാനം ചെയ്യാൻ അപര്യാപ്തമാണ്. പത്താം തരത്തിലെ പൊതുപരീക്ഷ അഭിമുഖീകരിക്കുന്ന കുട്ടികളിൽ ഈ സാഹചര്യം ഉണ്ടാക്കാനിടയുള്ള സമ്മർദ്ദങ്ങളും ആശങ്കകളും നാം ദൂരീകരിക്കേണ്ടതുണ്ട്.

കുട്ടികളെ സൂക്ഷ്മമായി മനസ്സിലാക്കി അവരനുഭവിക്കുന്ന പഠന പ്രശ്നങ്ങൾ, അവരിൽ സംഭവിച്ചുപോയിട്ടുള്ള പഠനവിടവുകൾ പഠനനഷ്ടങ്ങൾ തുടങ്ങിയവ തിരിച്ചറിഞ്ഞ് അതിന് പരിഹാരമാകാവുന്ന പ്രവർത്തനങ്ങൾ നൽകി സഹായിക്കുക എന്നത് വലിയ ഒരു കൈത്താങ്ങായി അവർക്കനുഭവപ്പെടും. ഈ തിരിച്ചറിവിൽ നിന്നു രൂപപ്പെട്ടതാണ് സ്റ്റെപ്പ്സ് എന്ന പഠനസഹായി. ജില്ലയിലെ വിദഗ്ധരായ അധ്യാപകരുടെ സഹായത്തോടെയാണ് കണ്ണൂർ ഡയറ്റ് സ്റ്റെപ്പ്സ് തയ്യാറാക്കിയിട്ടുള്ളത്. അധ്യാപകർക്കും കുട്ടികൾക്കും ഇത് നന്നായി പ്രയോജനപ്പെടുമെന്ന പ്രതീക്ഷയോടെ സമർപ്പിക്കുന്നു.

ശ്രീ.കെ.എം.സോമരാജൻ
പ്രിൻസിപ്പാൾ
ഡയറ്റ് കണ്ണൂർ

പ്രിയ അധ്യാപകരെ,

*എസ് എസ് എൽ സി പരീക്ഷയിൽ ഒന്നാം ഭാഷയായി ഉർദു പഠിക്കുന്ന വിദ്യാർത്ഥികളുടെ ആശങ്കകൾ അകറ്റി ആത്മവിശ്വാസത്തോടെ പരീക്ഷ എഴുതാൻ പ്രാപ്തരാക്കുക എന്ന ലക്ഷ്യത്തോടെ കണ്ണൂർ ഡയറ്റിന്റേയും ജില്ലാ പഞ്ചായത്തിന്റേയും നേതൃത്വത്തിൽ തയ്യാറാക്കിയ STEPS ന്റെ തുടർ പ്രവർത്തനങ്ങളാണ് ഇതിൽ നൽകിയിരിക്കുന്നത്. മികച്ച ഗ്രേഡ് ലഭ്യമാക്കാൻ ഉതകുന്ന വിധത്തിൽ ഫോക്കസ് ഏരിയിലേയും നോൺ ഫോക്കസ് ഏരിയിലേയും പാഠഭാഗങ്ങൾ ഡിസ്കോഴ്സ് അടിസ്ഥാനത്തിലാണ് ഈ മൊഡ്യൾ തയ്യാറാക്കിയരിക്കുന്നത്.ഈ പ്രവർത്തന പദ്ധതി ഉർദു ക്ലാസ് റൂമുകളിൽ പരമാവധി പ്രയോജനപ്പെടുത്താൻ ഉർദു അധ്യാപകർ ശ്രമിക്കുമെന്ന പ്രതീക്ഷയോടെ...*

| Focus Area | | Non Focus Area | |
|---|---|---|---|
| نظم | ستاتی ہے مفلسی | کہانی | سوا سیر گیہوں |
| آپ بیتی | محنت رنگ لائی | نظم | ہل چلائیں |
| کہانی | کابلی والا | مضمون | نہ دھوپ سے پریشان |
| نظم | غریبوں کا مسیحا | نظم | ہاتھوں کا ترانہ |
| نظم | کاغذ کی کشتی | کہانی | انڈا ہے یا دانہ |
| بیانیہ | یاد آرہی ہے | نظم | یہ وقت کی آواز ہے |
| کہانی | کھجری کے سائے میں | تقریر | دیس کی خاطر |
| گفتگو | مٹی کی سوندھی خوشبو | غزل | آپ کی فرمائش |
| ڈرامہ | عقلمند مچھیرا | | |
| بیانیہ | یوگا کرکے صحت بچائیں | | |
| بیانیہ | دلّی چلیں | | |
| مضمون | پھول والوں کی سیر | | |

# نظم

| نظم | شعر | شاعر | موضوع | مفہوم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ستاتی ہے مفلسی | جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی<br>کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی<br><br>پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی<br>بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی | نظیر اکبر آبادی | مفلسی / غریبی | * مفلسی انسان کی دردناک حالت ہے۔<br>* مفلس کو مدد کرنا ہمارا فرض ہے۔<br>* تمام روز بھوکا پیاسا رہتا ہے۔ |
| غریبوں کا مسیحا | ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی<br>روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی<br><br>بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا<br>لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا | ندا فاضلی | مدر ٹریسا | * مدر ٹریسا غریبوں کا مسیحا ہے۔<br>* بیماروں کی مدد کرتی ہے۔<br>* زندگی لاچاروں کے لیے وقف کردی۔ |
| کاغذ کی کشتی | یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو<br>بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی<br><br>مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون<br>وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی | سدرشن فاخر | بچپن | * بچپن کا زمانہ خوشی کا زمانہ ہے۔<br>* محبوب زمانہ ہے۔<br>* کھیلوں کا زمانہ ہے۔<br>* آزاد زمانہ ہے۔ |

| نظم | شعر | شاعر | موضوع | مفہوم |
|---|---|---|---|---|
| ہل چلائیں | فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں<br>مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں<br><br>یہ وہ انسان ہے دامانِ مشقت جو پلتے ہیں<br>جہاں سوتا ہے اور یہ آبیاری کو نکلتے ہیں | احسان دانش | کھیتی باڑی اور کسانوں کی اہمیت | *کسان دن رات محنت کرتے ہیں۔<br>*ہم کسانوں کو عزّت کرنا ضرور ہیں۔<br>*کسانوں کی محنت پر ہم قدر نہیں کرتے ہیں<br>*کسان لوگ نہیں ہیں تو دنیا نہیں۔<br>*دنیا کو آگے چلانے میں کسان لوگوں کو بہت بڑا حصّہ ہے |
| ہاتھوں کا ترانہ | ان ہاتھوں کی تعظیم کرو<br>ان ہاتھوں کی تکریم کرو<br>دنیا کے چلانے والے ہیں<br>ان ہاتھوں کو تسلیم کرو<br><br>تاریخ کے اور مشینوں کے پہیوں کی روانی ان سے ہیں<br>تہذیب کی اور تمدّن کی بھرپور جوانی ان سے ہیں<br>دنیا کا فسانہ ان سے ہیں انسان کی کہانی ان سے ہیں | علی سردار جعفری | محنت مزدوری | *مزدوروں کی تعظیم اور تکریم کرنا ہے۔<br>*انسان اور دنیا کی ترقی مزدوروں پر مبنی ہیں۔<br>*سارے دنیا والوں کے دوست ہیں۔<br>*ہم مزدوروں کو عزّت رکھنا چاہیے۔ |
| یہ وقت کی آواز ہے | اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں<br>سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں<br><br>لاکھ فوجیں لے کے آئیں امن کا دشمن کوئی<br>رُک نہیں سکتا ہماری ایکتا کے سامنے | شکیل بدایونی | ملک کی آزادی / حبِّ وطن | *یہ ایک قومی گیت ہے۔<br>*اس میں ملک کی آزادی کے بارے میں بیان کرتا ہے<br>*ہمارے ملک کی امن اور ایکتا کے بارے بھی میں بیان کرتا ہے۔<br>*ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔ |

## مفہوم

یہ شعر اردو کے مشہور شاعر ................ نے لکھا ہے۔اس شعر کا موضوع .......................... ہے۔
شاعر اس شعر میں ......................... کے بارے میں کہتے ہیں۔شاعر کہتا ہے کہ .................۔

| فلمی گیت کاروں کے نام | اردو شعرا کے نام |
|---|---|
| ندا فاضلی<br>علی سردار جعفری<br>مجروح سلطان پوری<br>ساحر لدھیانوی<br>جاوید اختر<br>کیفی اعظمی | علاّمہ اقبال<br>نظیر اکبر آبادی<br>ندا فاضلی<br>کیفی اعظمی<br>احسان دانش<br>علی سردار جعفری |

| ہندوستانی موسیقی آلات | سماجی خدمت کاروں کے نام | بچپن کے کھیلوں کے نام |
|---|---|---|
| طبلہ<br>سرود<br>ستار<br>سارنگی | گاندھی جی<br>بابا آمٹے<br>نلسن منڈیلا<br>مدر تریسا | آنکھ مچھولی<br>گولی کھیل<br>جھولا جھولنا<br>گلی ڈنڈا<br>پتنگ بازی |

## سوانحی نوٹ

### نظیر اکبر آبادی

| | | |
|---|---|---|
| اصلی نام | : | ولی محمد |
| شہرت | : | عوامی شاعر |
| پیدائش | : | ۱۷۴۰ء کو دہلی میں |
| مشہور نظمیں | : | برسات، ہولی، دیوالی، روٹی نامہ |
| انتقال | : | ۱۸۳۰ء کو آگرہ میں |

| | |
|---|---|
| نظیر اکبر آبادی کون ہے؟ | نظیر اکبر آبادی عوامی شاعر ہے۔ |
| ان کا اصلی نام کیا ہے؟ | ان کا اصلی نام ولی محمد ہے۔ |
| ان کی پیدائش کہاں ہوا؟ | ان کی پیدائش ۱۷۳۰ء کو دہلی میں ہوا تھا۔ |
| ان کی مشہور نظمیں کیا کیا ہیں؟ | ان کی مشہور نظمیں برسات، ہولی، دیوالی، روٹی نامہ وغیرہ ہیں۔ |

## نظیر اکبر آبادی

نظیر اکبر آبادی اردو کے مشہور شاعر ہے۔ان کا اصلی نام ولی محمد ہے۔ان کی پیدائش ۱۷۳۰ء کو دہلی میں ہوا۔ برسات، ہولی، دیوالی، روٹی نامہ وغیرہ ان کی مشہور نظمیں ہیں۔ نظیر اکبر آبادی ۱۸۳۰ء کو آگرہ میں انتقال ہوا۔

# غزل

| غزل | شعر | شاعر | غزل نوٹ |
|---|---|---|---|
| آپ کی فرمائش | دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں؟<br>روئیں گے ہم ہزار بار ، کوئی ہمیں ستائے کیوں؟<br><br>قیدِ حیات و بندِ غم، اصل میں دونوں ایک ہیں<br>موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں؟ | مرزا غالب | *غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔<br>*غزل اردو کی جان ہے۔<br>*غزل عشق کی کہانی ہے۔<br>*غزل میں عاشق اور عاشقی بھی ہوتے ہیں۔<br>*غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں۔<br>*غزل کے آخری شعر کو مقطع کہتے ہیں۔<br>*غزل کے آخری شعر میں شاعر کا نام ہوتے ہیں۔<br>*غالب، میر، جگر وغیرہ مشہور غزل گو شاعر ہیں۔<br>*محمد رفیع، مہدی حسن، غلام علی وغیرہ مشہور غزل گلوکار ہیں۔ |

| غزل گو شاعر |
| --- |
| مرزا غالب<br>میر تقی میر<br>جگر مرادآبادی<br>مؤمن خاں مؤمن<br>داغ دہلوی<br>ولی دکنی |

| غزل گلوکار |
| --- |
| محمد رفیع<br>مہدی حسن<br>غلام علی<br>ہری ہرن<br>سونو نگم<br>پنکج اداس |

## SAMPLE QUESTION

.1 'ستاتی ہے مفلسی' نظم کا شاعر کون ہے؟ [سدرشن فاخر، نظیر اکبر آبادی، ندا فاضلی]

.2 ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی
روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی
اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [اقبال، احسان دانش، ندا فاضلی]

.3 مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کیا ہے؟ [تندرستی، بچپن، مفلسی]

.4 ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کتّے لڑتے ہیں ایک استخواں پر
اس شعر میں آن سے کیا مراد ہے؟ [محنت، عزّت، محبت]

5. جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی
اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [علاّمہ اقبال، نظیر اکبر آبادی، ندا فاضلی]

6. بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا
اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کیا ہے؟ [جواہر لال نہرو، مدر تریسا، سبھاش چندر بوس]

7. یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی
اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [علاّمہ اقبال، نظیر اکبر آبادی، سدرشن فاخر]

8. مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
اس شعر میں 'نان' سے کیا مراد ہے؟ [روٹی، مٹی، چھٹی]

9. 'غریبوں کا مسیحا' نظم کا شاعر کون ہے؟
[سدرشن فاخر، نظیر اکبر آبادی، ندا فاضلی]

10. مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی
اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کیا ہے؟
[مفلسی، محنت، بچپن]

11. نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی
اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کیا ہے؟ [انسانیت ، بچپن، محنت ]

12. کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا
وہ چڑیا وہ بلبل وہ تتلی پکڑنا
شاعر اس شعر میں بچپن کے کھیلوں کے بارے میں بیان کیا ہے۔
بچّو، بچپن کے کسی دو کھیلوں کے نام لکھیے؟

13. 'ہل چلائیں' نظم کا شاعر کون ہے؟ [سدرشن فاخر ، احسان دانش ، علی سردار جعفری]

14. یہ وہ انسان ہے دامانِ مشقت جو پلتے ہیں
جہاں سوتا ہے اور یہ آبیاری کو نکلتے ہیں
اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [ندافاضلی ، شکیل بدایونی ، احسان دانش]

15. یہی دہقان چلاتے ہیں جو ہل بنجر زمینوں میں
چراغِ آرزو سے دل ہے روشن ان کے سینوں میں
بچّو، اس شعر میں ''دہقان'' سے کیا مراد ہے؟ [بچپن، مفلسی، کسان]

16. فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں
اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کیا ہے؟ [حبِّ وطن، غریبی، کسان]

17. 'ہاتھوں کا ترانہ' نظم کا شاعر کون ہے؟ [سدرشن فاخر ، احسان دانش ، علی سردار جعفری]

18. ان ہاتھوں کی تعظیم کرو
ان ہاتھوں کی تکریم کرو
اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [علی سردار جعفری، شکیل بدایونی، مرزا غالب]

19. 'یہ وقت کی آواز ہے' نظم کا شاعر کون ہے؟ [نظیر اکبر آبادی، شکیل بدایونی، علی سردار جعفری]

20. اپنی آزادی کو ہم ہر گز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں
اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کیا ہے؟ [حبِّ وطن، غریبی، محنت مزدوری]

21. نیچے دیے گئے اشعار سے بچپن کے بارے میں لکھی ہوئی شعر چن کر لکھیے؟

a) روشن تھی اندھیروں میں جو ماں کی صداؤں سی
وہ پیاس کے مندر میں برسات کی مورت تھی

b) یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی

c) دنیا میں لے کے شاہ سے یار تا فقیر
خالق نہ مفلسی میں کسی کو کرے اسیر

22. نیچے دیے گئے اشعار سے مفلسی کے بارے میں لکھی ہوئی شعر چن کر لکھیے؟

a) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

b) وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی
وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی

c) فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

23. نیچے دیے گئے اشعار سے غزل کا شعر چن کر لکھیے ؟

a) لاکھ فوجیں لے کے آئیں امن کا دشمن کوئی
رُک نہیں سکتا ہماری ایکتا کے سامنے

b) دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں ؟
روئیں گے ہم ہزار بار ، کوئی ہمیں ستائے کیوں ؟

c) فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

24. نیچے دیے گئے اشعار سے حبِّ وطب کے بارے میں لکھی ہوئی شعر چن کر لکھیے ؟

a) روشن تھی اندھیروں میں جوماں کی صداؤں سی
وہ پیاس کے مندر میں برسات کی مورت تھی

b) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

c) اپنی آزادی کو ہم ہر گز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں

25. نیچے دیے گئے شخصیتوں میں سے سماجی خدمت کار نام چن کر لکھیے ؟

[نظیر اکبر آبادی ، مدر تریسا ، مہاتمہ گاندھی جی ، سدرشن فاخر]

26. نیچے دیے گئے اشعار سے مدر تریسا کے بارے میں لکھی ہوئی شعر چن کر لکھیے ؟

a) کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا
وہ چڑیا وہ بلبل وہ تتلی پکڑنا

b) بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا

c) مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر

.27 نیچے دیے گئے اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے شاعر کا نام چن کر لکھیے ؟

[سدرشن فاخر ، نظیر اکبر آبادی ، ندا فاضلی، احسان دانش]

| | شعر | شاعر |
|---|---|---|
| a | جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی<br>کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی | ………………………………… |
| b | مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون<br>وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی | ………………………………… |
| c | بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا<br>لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا | ………………………………… |

.28 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے ؟

| الف | ب |
|---|---|
| ستاتی ہے مفلسی | رابندر ناتھ ٹیگور |
| کاغذ کی کشتی | ندا فاضلی |
| غریبوں کا مسیحا | نظیر اکبر آبادی |
| کابلی والا | سدرشن فاخر |

.29 قوسین سے مناسب لفظ چن کر خانہ بھریے؟

[ بچپن ، مفلسی ، کھیت ، کسان ، حبِّ وطن ، محنت مزدوری ، مدر تریسا]

| سبق | موضوع | شاعر |
|---|---|---|
| ستاتی ہے مفلسی | .................................................. | نظیر اکبر آبادی |
| کاغذ کی کشتی | .................................................. | سدرشن فاخر |
| ہل چلائیں | .................................................. | احسان دانش |
| ہاتھوں کا ترانہ | .................................................. | علی سردار جعفری |
| یہ وقت کی آواز ہے | .................................................. | شکیل بدایونی |
| غریبوں کا مسیحا | .................................................. | ندا فاضلی |

.30 نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

اس شعر میں سدرشن فاخر بچپن کے بارے میں خوب بیان کیا ہے۔
بچو، بچپن کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے؟

.31 جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

اس شعر میں نظیر اکبر آبادی مفلسی کے بارے میں بیان کیا ہے۔ مفلسی انسان کو تمام رات بھوکا پیاسا رہتا ہے۔ اسکو کھانے پینے کے لیے کچھ بھی نہیں ملتا۔
بچو، مفلس کی مشکلات کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے؟

.32 بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا

اس شعر میں ندافاضلی مدر تریسا کے بارے میں خوب بیان کیا ہے۔ مدر تریسا بیماروں اور لاچاروں کو مدد کرنے کے لیے اپنی جان وقف کردی تھی۔
بچو'اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے؟

.33 فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

اس شعر میں احسان دانش کسانوں کی مسائل کے بارے میں خوب بیان کیا ہے۔ بچّو'آج کل کے کسانوں کے مسائل کیا کیا ہے؟ ایک نوٹ لکھیے؟

.34 تاریخ کے اور مشینوں کے پہیوں کی روانی ان سے ہیں
تہذیب کی اور تمدّن کی بھر پور جوانی ان سے ہیں
دنیا کا فسانہ ان سے ہیں انسان کی کہانی ان سے ہیں

اس شعر میں علی سردار جعفری محنت مزدوری کے بارے میں خوب بیان کیا ہے۔ بچّو'اس دنیا میں مزدوروں کے ہاتھوں کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ محنت مزدوری کے بارے میں آپ اپنا خیالات لکھیے؟

.35 لاکھ فوجیں لے کے آئیں امن کا دشمن کوئی
رُک نہیں سکتا ہماری ایکتا کے سامنے

اس شعر میں شاعر ہمارے ملک کے امن اور ایکتا کے بارے میں بیان کیا ہے۔ بچّو'اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے؟

.36 غزل اردو کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ غزل کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے؟

# کہانی / افسانہ

| اہم کردار | کہانی نگار/افسانہ نگار | کہانی/افسانہ |
|---|---|---|
| رحمت (کابلی والا)<br>منّی، منّی کے ابّا | رابندر ناتھ ٹیگور | کابلی والا |
| امریتا دیوی، راجا، سپاہی، گاؤں والے، امریتا دیوی کی لڑکیاں | - | کھجری کے سائے میں |
| شنکر، مہاتما، پروہت | پریم چند | سوا سیر گیہوں |
| بادشاہ، چھوٹے میاں، بڑے میاں، دادا میاں | لیو ٹالسٹائی | انڈا ہے یا دانہ |

| خصوصیات | پسندیدہ کردار | کہانی/افسانہ |
|---|---|---|
| *کابول کا رہنے والا۔<br>*موٹے موٹے کپڑے پہننے والا۔<br>*سر پر پگڑی پہننے والا۔<br>*بادام اور کشمش بیچنے والا۔<br>*منّی کا دوست۔ | رحمت | کابلی والا |
| * کھجری گاؤں میں رہنے والی۔<br>* پیڑ پودوں سے پیار کرنے والی۔<br>*فطرت کی حفاظت کرنے والی۔<br>* کھجری پیڑ کے لیے جان قربان کرنے والی۔ | امرتا دیوی | کھجری کے سائے میں |

| | | |
|---|---|---|
| سواسیر گیہوں | شنکر | *ایک غریب کسان۔<br>*محنت کرنے والا۔<br>*ایماندار کسان۔ |
| انڈا ہے یا دانہ | دادا میاں | *سوسال سے زیادہ عمر والا ہے۔<br>*تندرست ہے۔<br>*محنت آدمی ہے۔<br>*پیدل چلنے والا ہے۔<br>*اچھی طرح سننے کی طاقت والا ہے۔<br>*گرجدار آواز والا ہے۔ |

# ڈرامہ

| ڈرامہ | ڈرامہ نگار | اہم کردار | موضوع |
|---|---|---|---|
| عقلمند مچھیرا | - | بادشاہ سلامت، مچھیرا، وزیر اعظم، دربان | سماج سے استحصال، رشوت خوری، چوری جیسے سماجی برائیوں کے خلاف آواز اٹھانا۔ |

| کہانی/افسانہ | پسندیدہ کردار | خصوصیات |
|---|---|---|
| عقلمند مچھیرا | مچھیرا | *عقلمند ہے۔<br>*ایماندار ہے۔<br>*محنت کش ہے۔<br>*بہادر اور ہمّت والا ہے۔ |

| القاب | ڈرامہ نگار | افسانہ نگار |
| --- | --- | --- |
| عالم پناہ | آغا حشر | پریم چند |
| علی جاہ | امتیاز علی تاج | کرشن چندر |
| | پرفسر محمد مجیب | جیلانی بانو |
| | واجد علی | علی عبّاس حسینی |
| | ڈپٹی نذیر احمد | منٹو |
| | امانت | |
| | کرشن چندر | |

## پسندیدہ کردار کے بارے میں نوٹ

میرا پسندیدہ کردار کا نام .........ہے۔ یہ اس کہانی کا مرکزی کردار ہے۔اس کہانی کو آگے بڑھانے میں یہ کردار اہم رول ادا کیا ہے۔..........................................................۔

# آپ بیتی

* میں................ہوں۔
* میں دسویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔
* میرا گھر........میں ہے۔
* میرے گھر میں ..........،..........،ہیں۔

## لکشمی کی زندگی کے بارے میں نوٹ

لکشمی کی خاندان بہت غریب ہے۔ محنت مزدوری کرکے اپنے بچوں کی پرورش کرتی ہے۔ لکشمی کا بیٹا ساجن IAS پاس ہوگیا ہے۔ ساجن کی اس کامیابی کے پیچھے اس کی ماں لکشمی کی محنت ہے۔

## ساجن کی زندگی کے بارے میں نوٹ

ساجن کی خاندان بہت غریب ہے۔ ساجن IAS پاس کیا ہے۔ ساجن کی اس کامیابی کے پیچھے اس کی ماں لکشمی کی محنت ہے۔

## SAMPLE QUESTION

1. کہانی 'کابلی والا' کس افسانہ نگار نے لکھا ہے؟ [منشی پریم چند' رابندر ناتھ ٹیگور' لیو ٹالسٹائی]

2. مناسب افسانہ نگار کا نام چن کر خانہ پورا کیجیے۔ [منشی پریم چند' لیو ٹالسٹائی' رابندر ناتھ ٹیگور]

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | سوا سیر گیہوں | ............. | شنکر |
| b | کابلی والا | ............. | رحمت |
| c | انڈا ہے یا دانہ | ............. | دادا میاں |

3. 'کھجری کے سائے میں' کہانی کے کردار کا نام چن کر لکھیے۔ [شنکر' رحمت' امرتا دیوی]

4. رحمت اور منیّ کی عمر میں 'زمین آسمان کا فرق تھا'۔
اس جملے میں 'زمین آسمان کا فرق' کا مطلب کیا ہے؟ [بہت چھوٹا فرق' بہت بڑا فرق' بڑی خوشی]

5. مناسب کردار کا نام چن کر خانہ پورا کیجیے۔ [شنکر' رحمت' امرتا دیوی، دادا میاں، مچھیرا]

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | کابلی والا | ....... | رابندر ناتھ ٹیگور |
| b | سوا سیر گیہوں | ....... | منشی پریم چند |
| c | انڈا ہے یا دانہ | ....... | لیو ٹالسٹائی |
| d | عقلمند مچھیرا | ....... | ڈرامہ |

6. نیچے چند کرداروں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ' کھجری کے سائے میں' کہانی کا کردار کون ہے؟
[شنکر' رحمت' امرتا دیوی]

7. 'رحمت' کس افسانے کا مشہور کردار ہے؟ [کابلی والا' کھجری کے سائے میں' سوا سیر گیہوں]

8. ان میں پریم چند کا افسانہ کون سا ہے؟ [ کھجری کے سائے میں' سوا سیر گیہوں' کابلی والا]

9. نیچے چند افسانہ نگاروں اور شعرا کے نام ہیں۔ ان میں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے؟
[پریم چند' نظیر اکبر آبادی' ندا فاضلی' کرشن چندر' سدرشن فاخر]

10. 'عقلمند مچھیرا' کہانی کے کردار کا نام چن کر لکھیے۔ [بادشاہ' رحمت' امرتا دیوی]

11. کہانی 'انڈا ہے یا دانہ' کس افسانہ نگار نے لکھا ہے؟ [منشی پریم چند' رابندر ناتھ ٹیگور' لیو ٹالسٹائی]

12. کہانی 'سوا سیر گیہوں' آپ نے پڑھی ہے نا؟ یہ منشی پریم چند کی مشہور کہانی ہے۔
a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے؟
b) بچو، پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے؟

13. کہانی 'کھجری کے سائے میں' آپ نے پڑھی ہے نا؟ امرتا دیوی 'راجا' سپاہیوں 'امرتا دیوی کی بیٹیاں... وغیرہ اس کہانی کے کردار ہیں۔ کسی ایک کردار کے بارے میں چار جملے لکھیے؟

14. کہانی 'کابلی والا' آپ نے پڑھی ہے نا؟ یہ رابندر ناتھ ٹیگور کی مشہور کہانی ہے۔
a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) بچو، پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

15. ڈرامہ 'عقلمند مچھیرا' آپ نے پڑھی ہے نا؟
a) اس ڈرامے کے دو کرداروں کے نام لکھیے؟
b) بچو، پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے؟

16. کہانی 'انڈا ہے یا دانہ' آپ نے پڑھی ہے نا؟ لیو ٹالسٹائی کی مشہور کہانی ہے۔
a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) بچو، پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

17. بڑے میاں کا باپ اب بھی زندہ ہے۔ وہ پیدل چل کر دربار میں آتا ہے۔ اس کی کمر سیدھی تھی۔ بچو، دادا میاں کی تندرست کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ اپنا خیالات لکھیے؟

18. آج کل ہر کہیں محنت مزدور لوگ استحصال کے شکار بن جاتے ہیں۔ موجودہ زمانے کی روشنی میں آپ کی خیالات لکھیے؟

19. لکشمی کا بیٹا ساجن IAS پاس ہوا ہے۔ ساجن کہتا ہے کہ اس کی کامیابی کی حقدار صرف اس کی ماں لکشمی ہے۔
بچوں! لکشمی کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے؟

# بیانیہ

## گاؤں کا منظر بیان کیجیے؟

* میرا گاؤں بہت خوبصورت ہے۔
* یہاں اکثر لوگ کسان ہیں۔
* میرے گاؤں میں کھیت، تالاب، نہر اور نالے ہیں۔
* یہاں کی آب و ہوا صاف ہے۔
* چرندے اور پرندے بھی یہاں خوشی سے جیتے ہیں۔

## شہر کا منظر بیان کیجیے؟

* شہر میں آبادی ہیں۔
* چہل پہل ہے۔
* گاڑیوں کی تعداد زیادہ ہیں۔
* آب و ہوا صاف نہیں ہے۔
* آلودگی سے بھرا ہوا ہے۔

## کسانوں کی مسائل

* آج کل کسانوں کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
* پیداوار کو مناسب دام نہیں ملتی۔
* کھیتی باڑی کے لیے اچھی بیج نہیں ملتی۔
* موسم کی تبدیلیاں بھی اہم مسئلہ ہے۔
* کھاد کی کمی۔
* کھیتوں کی کمی۔
* سرکار کی طرف سے کافی امداد نہیں ملتی۔

## کسان / کھیتی کی اہمیت

* کسان لوگ ہمارے ملک کی بنیاد ہے۔
* ان کی ترقی ہی ملک کی ترقی ہے۔
* وہ اپنے لیے نہیں سارے ملک کے لیے محنت کرتے ہیں۔
* اگر وہ کھیتی باڑی نہ کیے تو ہم بھوکے مر جائیں گے۔
* کسان کی بھلائی میں ہی ساری دنیا کی بھلائی ہے۔

## یوگا کے بارے میں

* یوگا ہندوستان کا دین ہے۔
* یوگا سے جسم اور اعضائے بدن متوازن ہوتے ہیں۔
* ہماری دماغی اور جسمانی صحت کو بہتر بناتے ہیں۔
* دلی سکون ملتے ہیں۔
* کئی بیماریوں سے نجات پاتے ہیں۔
* یہ ایک ورزش ہے۔

## محنت مزدوری

* دنیا میں مزدوروں کی بڑی اہمیت ہیں۔
* محنت مزدوری سے دنیا چلتی ہے۔
* دنیا کی ترقی محنت مزدوری سے ہیں۔
* مزدوروں کے ہاتھوں کے بغیر دنیا میں کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

## سفر کی تجربات/سفر نامہ/ٹور ڈائری

۱-۱-۲۰۲۲
صبح ۹ بجے میں اور میرے گھر والے میسور پہنچے۔ بس سے اتر کر ناشتہ کئے۔ پہلے ہم چڑیا گھر گئے۔ وہاں سے کئی طرح کی چڑیا، جانور، سانپ وغیروں کو دیکھیں۔ پھر وہاں سے سیدھے میسور پالس گیے۔ وہاں سے راجاؤں کی تصویریں، برتن، کپڑے، اوزار، زیورات وغیروں کو دیکھیں۔ دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد ہم سیدھے آرٹ گیلری گیے۔ وہاں کے مناظر بڑی خوبصورت تھیں۔ پھر سری رنگا پٹنم گئے۔ وہاں سے ٹپو کا قلعہ، جیل، جامع مسجد وغیرہ دیکھے۔ شام کو ورنداون گئے۔ صبح ۵ بجے کو گھر واپس پہنچے۔ یہ سفر میرے لیے ایک نیا تجربہ تھا۔ میں کبھی بھی یہ سفر بھول نہ سکتا۔

* انسان جنگل برباد کرتے ہیں، پہاڑ توڑتے ہیں، کھیت میں مٹی بھر کے بڑے بڑے عمارتیں بناتے ہیں۔ فطرت کو بگاڑنے کی وجہ سے کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

* موسم کی تبدیلیاں
* صاف ہوا کی کمی
* بارش کی کمی
* سیلاب جیسے قدرتی آفات
* ہوا کی آلودگی
* پانی کی آلودگی
* صوتی آلودگی

# انٹرویو کے لیے سوالات تیار کریں

## ساجن سے سوالات

* IAS پاس ہو کر اب کیا لگتا ہے؟
* IAS OFFICER بن کر آپ غریبوں کے لیے کیا کیا کرنا چاہتے ہیں؟
* آپ ہم بچوں سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟
* آپ کا اگلا مقصد کیا ہے؟
* آپ کی رائے میں اس دنیا کی بڑی کمزوری کیا ہے؟

## لکشمی سے انٹرویو کے لیے سوالات

* ساجن IAS پاس ہو کر آپ کو کیا لگتا ہے؟
* ساجن کو کتب بینی کی عادت کیسے پڑ گئی؟
* آپ کی زندگی کا سب سے دردناک واقعہ کیا ہے؟
* آپ نے ساجن کو پڑھانے کے لیے کیا کیا مزدوریاں کی تھی؟

## کسان سے چند سوالات (گووند)

* آپ کیا کیا کھیتی باڑی کرتے ہیں؟
* آپ کا پسندیدہ کھیتی باڑی کیا ہے؟
* آپ کو کھاد کہاں سے ملتا ہے؟
* آپ کتنے سال سے کھیتی کرتے ہیں؟
* فصل کب کاٹتے ہیں؟
* کھیتی کے لیے اچھے بیج کہاں سے ملتا ہے؟
* کھیتی کے لیے کیا کھاد استعمال کرتے ہیں؟

## یوگا گرو سے سوالات (طیب علی خاں)

* آپ کے یوگا گرو کون ہے؟
* آپ نے یوگا کب شروع کیا؟
* آپ کتنے سال سے یوگا کرتے ہیں؟
* آپ یوگا کے بارے میں کہاں سے پڑھا؟
* یوگا کرنے سے کیا کیا فائدہ ملتے ہیں؟
* یوگا میں کتنے طرح کی 'آسن' ہیں؟
* آپ یوگا کتنے گھنڈے تک کرتے ہیں؟

| تاریخی مقامات | مضمون نگاروں کے نام | پیڑوں کے نام |
|---|---|---|
| دلّی | ابوالکلام آزاد | کھجری کا پیڑ |
| میسور | سر سیّد احمد خان | ناریل کا پیڑ |
| لکھنو | شبلی نعمانی | آم کا پیڑ |
| حیدر آباد | عبدالحلیم شرر | کٹھل کا پیڑ |

| تاریخی عمارات | نوٹ |
|---|---|
| تاج محل<br>قطب مینار<br>دلّی جامع مسجد<br>لال قلعہ | تاج محل<br>* مغل بادشاہ شاہ جہاں نے بنایا۔<br>* دنیا کے سات عجائبات میں سے ایک ہے۔<br>* اس کی بیوی ممتاز کی یاد میں بنایا۔<br>* یہ پیار کا نمونہ بن کر اب بھی زندہ ہے۔<br>* سفید سنگ مرمر سے بنایا۔ |

| تہوار | نوٹ | نوٹ |
|---|---|---|
| عید<br>اونم<br>وشو<br>کرسمس<br>ہولی<br>دیوالی | عید<br>*عید مسلمانوں کا تہوار ہے۔<br>*دو طرح کی عید ہے۔<br>*عید الاضحیٰ اور عید الفطر<br>*عید کے دن نیے کپڑے پہنتے ہیں۔<br>*نماز کے لیے مسجد جاتے ہیں۔<br>*رشتہ داروں کے گھر جاتے ہیں۔<br>*مزیدار کھانا کھاتے ہیں۔ | اونم<br>*اونم کیرالا کا تہوار ہے۔<br>*راجا مہابلی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔<br>*اونم کے دن ہر گھر میں پوکلم بناتے ہیں۔<br>*اونم سدھیا بناتے ہیں۔<br>*رشتہ داروں کے گھر جاتے ہیں۔<br>*نیے کپڑے پہنتے ہیں۔<br>*اونم کے مختلف کھیل کھیلتے ہیں۔ |

| بہادر خواتین |
|---|
| بی امّاں<br>سروجنی نائڈو<br>رانی لکشمی بھائی<br>کیپٹن لکشمی |

| مجاہدینِ آزادی |
|---|
| مہاتمہ گاندھی<br>جواہر لال نہرو<br>سبھاش چندر بوس<br>بھگت سنگھ |

# خط

*انجلی اپنے ابّاجان روی شنکر کے ساتھ کلکتہ واپس گئی۔وہاں سے اپنے داداجان گووند کو خط بھیجتی ہے۔انجلی خط تیار کیجئے؟

جگہ

تاریخ

پیارادادا جان

آپ کیسے ہیں؟ ہم کل رات دس بجے یہاں پہنچی۔ سفر اچھا لگا۔ پھر بھی کیرالا کے آب وہوا یہاں نہیں ہے۔اگلے گرمی کے چھٹی میں وہاں آؤں گی۔تب آپ ہمارے ساتھ کلکتہ ضرور آیئے۔

خداحافظ

آپ کی پوتی

انجلی

# اخباری رپورٹ

* ساجن آئی۔اے۔ایس(IAS)پاس ہوا۔یہ خبر اگلے دن کے اخبار میں آنا ہے۔وہ اخباری رپورٹ تیار کیجئے؟

## عظیم کامیابی

ارناکلم: ۱/فروری/۲۰۲۲:غریب خاندان کے بچے ساجن آئی ۔اے۔ایس کا امتحان میں کامیاب ہوا۔وہ غریب لکشمی کے بیٹے ہیں۔ان کی کامیابی پر گاؤں والے بہت خوش ہو گئے۔ان کی عظیم کامیابی پر گاؤں میں ایک شاندار تہنیتی جلسہ بھی منعقد کیا گیا ہے۔

# نعرہ

## پیڑ کاٹنے کے خلاف ہونے والے جلوس کے لیے نعرہ

پیڑ بچاؤ جان بچاؤ

پیڑوں کی حفاظت ہمارا فرض ہیں

پیڑ نہیں تو جان نہیں

پیڑ نہیں تو ہم نہیں

پیڑ ہماری جان ہیں۔

# گفتگو

## مٹی کی سوندھی خوشبو : انجلی اور سہیلی

سہیلی : آداب ! انجلی

انجلی : آداب

سہیلی : تم گاؤں سے کب واپس آئی ؟

انجلی : کل رات کو

سہیلی : دادا جان کا گاؤں کیسا ہے ؟

انجلی : کیا کہنا ؟ بہت خوب صورت ہے۔

سہیلی : ..........................

انجلی : ..........................

## کابلی والا : رحمت اور بیٹی

| | | |
|---|---|---|
| بیٹی | : | ابّا جان ! آپ اتنے دن کہاں تھے ؟ |
| رحمت | : | میں ہندوستان میں تھا۔ |
| بیٹی | : | کیا آپ مجھے بھول گئے ؟ |
| رحمت | : | نہیں بیٹی۔ منیّ کو دیکھا تو تمہاری بہت یاد آتی تھی۔ |
| بیٹی | : | منیّ کون ہے ؟ |
| رحمت | : | ......................... |
| بیٹی | : | ......................... |

## دلی چلیں : نہال احمد اور ماں

| | | |
|---|---|---|
| نہال احمد | : | آداب ! امیّ جان |
| ماں | : | آداب بیٹے۔ سفر کیسا تھا؟ |
| نہال احمد | : | سفر اچھا لگا۔ |
| ماں | : | آپ لوگوں نے وہاں کیا کیا دیکھا؟ |
| نہال احمد | : | تاج محل، لال قلعہ، جامع مسجد، قطب مینار..... وغیرہ دیکھا۔ |
| ماں | : | واہ! تاج محل دیکھا؟ |
| نہال احمد | : | ہاں.. دیکھا۔ |
| ماں | : | ......................... |
| نہال احمد | : | ......................... |

# محاورہ

رحمت اور منّی کی عمر میں "زمین آسمان کا فرق تھا" یہ ایک محاورہ ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے؟

A) زمین آسمان کا فرق مطلب ایک چیز کو دوسری چیز سے فرق دکھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہاں رحمت اور منّی کی عمر میں بہت زیادہ فرق ہے۔ اسے بتانے کے لیے یہ جملہ استعمال کیا گیا ہے۔

## SAMPLE QUESTION

1. یومِ یوگا کب منایا جاتا ہے؟ [جون ۵، اگست ۱۵، جون ۲۱ ]

2. پھولوالوں کی سیر کہاں کا میلہ ہے؟ [دلّی، کیرالا، کشمیر ]

3. یوگا سوترا کس کی مشہور کتاب ہے؟ [نظیر اکبر آبادی، پتنجلی، پریم چند ]

4. یومِ جمہوریہ کب منایا جاتا ہے؟

5. کسانوں کی ترقی میں ہی ملک کی ترقی ہے۔ وہ اپنے لیے ہی نہیں سارے جہاں کے لیے محنت کرتے ہیں۔ لیکن آج کل کسانوں کو بہت ساری مشکلات ہیں۔ کسانوں کے مشکلات کیا کیا ہیں؟

6. سات سال کے سزا کے بعد کابلی والا منّی کو دیکھنے کے لیے آیا۔ منّی شادی کے کپڑے اور زیورات پہنے ہوئے آئی۔ منّی کو دیکھ کر وہ خوشی سے کہنے لگا۔

کابلی والا : ارے منّی.. پہچانا مجھے؟

منّی : .....................

کابلی والا : ......................

منیّ : ......................

کابلی والا : ......................

منیّ : ......................

بچو، کابلی والا اور منیّ کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

7. منیّ کی شادی کے بعد رحمت ہندوستان چھوڑ کر اپنے وطن کابل گیا۔ ابّا جان کو دیکھ کر اس کی بیٹی دوڑ کر آئی اور گلے لگا کر پوچھنے لگی۔

بیٹی : ابّاجان، اتنے سال آپ کہاں گئے تھے؟

کابلی والا : ................................

بیٹی : ................................

کابلی والا : ................................

بیٹی : ................................

کابلی والا : ................................

بیٹی : ................................

کابلی والا : ................................

8. کسان لوگ صرف ان کے لیے ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتے ہیں۔ کسانوں کی اہمیت کے بارے میں چار جملے لکھیے؟

9. نیچے دیے گئے جملوں کو الگ کر کے لکھیے؟

* یہاں اکثر لوگ کسان ہیں۔
* یہاں کی آب و ہوا صاف ہے۔
* چہل پہل ہے۔
* گاڑیوں کی تعداد زیادہ ہیں۔

| گاؤں | شہر |
| --- | --- |
| | |

10. کھجری گاؤں والوں نے پیڑ کاٹنے کے خلاف جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا۔اس کے لیے چند نعرے تیار کیجیے؟

جیسے :

پیڑ ہماری جان ہے۔

11. شہر ترقی کا نشان ہے۔محنت کش گاؤں والے اطمینان اور اتفاق کی زندگی گزارتے ہیں۔
بچو،شہر اور گاؤں کی زندگی کا تجزیہ کر کے نوٹ لکھیے؟

12. دیس کی ترقی میں کسانوں کی بڑی اہمیت ہے۔وہ اپنے لیے نہیں بلکہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتے ہیں۔
بچو،کسانوں کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے؟

13. یوگا سے جسم کے ساتھ دماغ کی ورزش بھی ہوتی ہے۔بچو،یوگا کرنے سے ہمیں کیا کیا فائدہ ملتے ہیں؟اپنے خیالات لکھیے؟

14. یوگا ہندوستان کا دین ہے۔یوگا سے کئی بیماریوں سے نجات پاتے ہیں۔
بچو،یوگا کے بارے میں آپ کو اور کیا کیا جانتے ہیں؟ایک نوٹ لکھیے؟

15. انسان جنگل برباد کرتے ہیں، پہاڑ توڑتے ہیں، کھیت میں مٹی بھر کے بڑے بڑے عمارتیں بناتے ہیں۔فطرت کو بگاڑنے کی وجہ سے کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

16. یوگا گرو طیب علی خاں سے ملنے کا موقع ملے تو آپ ان سے کیا کیا سوالات کریں گے ؟

17. غریب ساجن آئی۔اے۔ایس کا امتحان پاس ہوا۔اگر آپ کو ساجن سے ملنے کا موقع ملے تو آپ ان سے کیا کیا سوالات کریں گے ؟

18. تاج محل ایک تاریخی عمارت ہے۔
دو تاریخی عمارات کا نام لکھیے ؟
بچو،کسی پسندیدہ ایک تاریخی عمارت کے بارے میں نوٹ لکھیے ؟

19. اونم کیرالا کا ایک تہوار ہے۔
ہندوستان کے دو تہوار کے نام لکھیے ؟
بچو،کسی پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے ؟

20. دنیا میں مزدوروں کی بڑی اہمیت ہے۔محنت مزدوری سے دنیا چلتی ہے۔
بچو،محنت مزدوری کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے ؟

21. میسور،اوٹی وغیرہ تفریحی مقامات ہے۔
بچو،آپ بھی سفر پسند کرتے ہوں گے۔آپ کے کسی ایک سفر کے تجربات کے بارے میں چند جملے لکھیے ؟

22. بی اماں ایک بہادر خاتون ہے۔
ہندوستان کی دو بہادر خواتین کے نام لکھیے ؟
بچو،کسی ایک پسندیدہ خاتون کے بارے میں نوٹ لکھیے ؟

23. سات سال کے سزا کے بعد رحمت کابول گیا۔وہاں سے منّی کی یاد آئی۔وہ منّی کے ابّا کے نام ایک خط بھیجنا چاہتا ہے۔
رحمت کا خط تیار کیجیے ؟

.24

## تہنیتی جلسہ

(ساجن آئی۔اے۔ایس کی کامیابی پر)

فروری ۲۰۱۸ء میں پانچ بجے ۵

لائبرری ہال۔ارناکلم

| | | |
|---|---|---|
| صدارت | : | کمارن ماسٹر |
| افتتاح | : | احمد جمال |
| تہنیتی خطبہ | : | رمادیوی |
| اظہارِ تشکر | : | جوزف (سکرٹری-لائبرریر) |

تمام احباب سے جلسہ میں شرکت کی درخواست ہے۔

پوسٹر غور سے پڑھیے؟ اور ان کی مدد سے ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے؟